سوال

نماز پڑھتے ہوئے کوئی سلام کہے تو اسکا جواب کیسے دینا چاہیئے

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی شخص نماز پڑھنے والے کو سلام کرے تو وہ دوران نماز ہاتھ کے اشارے سے جواب دے سکتا ہے۔ نماز ختم ہونے کے بعد اگر سلام کرنے والا موجود ہو تو اسے بول کر وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہہ دے، اگر وہ جا چکا ہو تو اشارہ ہی کافی ہے۔

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (مسجد) قبا میں نماز پڑھنے کے لیے تشریف لے گئے۔ (اس اثنا میں آپ ﷺ کے پاس) انصار آگئے۔ وہ آپ کو سلام کہتے تھے جبکہ آپ نماز پڑھ رہے تھے۔ سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے سیدنا بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے رسول اللہ ﷺ کو کس طرح جواب دیتے ہوئے دیکھا، جب کہ آپ نماز پڑھ رہے تھے اور وہ لوگ آپ کو سلام کہتے تھے؟ انہوں نے کہا: اس طرح اور اپنی ہتھیلی پھیلائی۔ (سنن أبي داود، الصلاة: 927) (صحیح).

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث